17-02-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ریاست کے مختلف آبپاشی پراجکٹس کے لئے مقررہ شیڈول کے مطابق پانی جاری کریں۔

۲۔ مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی نے کہا ہے کہ مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارامن نے تلنگانہ کے لئے بڑے پیمانے پر فنڈس اور پراجکٹس منظور کئے ہیں۔

۳۔ بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا نے کانگریس اور بی جے پی شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ پسماندہ طبقات کے تحفظات کے مسئلہ سے عوامی توجہ ہٹانے کے لئے ڈرامہ کررہی ہیں۔

اور

۴۔ تلنگانہ سائبر سیکورٹی بیورو، سائبرآباد پولیس اور ایس سی ایس سی کل سے حیدرآباد میں سائبر سیکورٹی پر شیلڈ 25 کے عنوان سے ایک دوروزہ کانفرنس کا اہتمام کررہے ہیں۔

TGCSB:

تلنگانہ سائبر سیکورٹی بیورو، سائبرآباد پولیس اور ایس سی ایس سی کل سے حیدرآباد میں سائبر سیکورٹی پر شیلڈ 25 کے عنوان سے ایک دوروزہ کانفرنس کا اہتمام کررہے ہیں۔ ٹی جی ایس سی بی نے ایک بیان میں بتایا کہ اس کانفرنس کے دوران مشہور قانونی ماہر اور سماجی جہدکار بھوان ریبھو کلیدی خطبہ دیں گے۔ اس کانفرنس کے دوران پولیسنگ کے نظام، قانون کے نفاذ میں آرٹیفیشل انٹلیجنس کے استعمال اور دیگر دلچسپ موضوعات پر تبادلہ خیال ہوگا۔ اس کانفرنس سے 40 مقررین خطاب کریں گے۔ اس کے دوران 15 سیشن، 10 پینل مباحث اور 5 ورکشاپ ہوں گے۔ سائبر خطرات سے نمٹنے اور ڈیجیٹل سیفٹی کو بڑھانے کے لئے تکنالوجی، قانون کے نفاذ اور پالیسی سے متعلق اہم شخصیتیں ایک جگہ جمع ہورہی ہیں۔ کانفرنس کے دوران بچوں اور خواتین کے تحفظ، آرٹیفیشل انٹلیجنس پر مبنی سیکورٹی اور سائبر جرائم کی روکتھام جیسے موضوعات پر کلیدی خطبے ہوں گے اور ورکشاپ منعقد کئے جائیں گے۔

RATION CARDS:

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ان اضلاع میں جہاں انتخابی ضابطہ اخلاق لاگو نہیں ہے، تمام مستحقین کو نئے راشن کارڈس جاری کریں گے۔ سیول سپلائز کے محکمہ کے عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس کے

دوران چیف منسٹر نے کہا کہ کوئی بھی اہل شخص راشن کارڈ سے محروم نہیں ہونا چاہئے۔انہوں نے نئے راشن کارڈس کے مختلف ڈیزائنز کا جائزہ لیا۔ چیف منسٹر نے کہا کہ لاکھوں افراد نے درخواستیں دی ہیں۔جن افراد کے پاس راشن کارڈ موجود ہیں، انہوں نے نئے ارکان کے اضافہ کے لئے بھی درخواستیں دی ہیں۔ چیف منسٹر نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ عوام میں بیداری پیدا کریں اور دوہری درخواستوں کی روک تھام کے لئے اقدامات کریں۔

KISHAN REDDY:

مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی نے کہا ہے کہ مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتا رامن نے تلنگانہ کے لئے بڑے پیمانے پر فنڈس اور پراجکٹس منظور کئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کی مجموعی ترقی کے لئے انفرااسٹرکچر کو بہتر بنانے اور عوام کی سماجی، معاشی حالت میں بہتری کے لئے وزیراعظم نریندر مودی کی زیر قیادت این ڈی اے حکومت مسلسل اور بڑے پیمانے پر کوشش کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ میں مرکزی وزیر فینانس کی حالیہ تقریر سے مختلف شعبوں میں ترقیاتی سرگرمیاں کو اجاگر کیا گیا ہے۔اس تقریر میں ناقابل تردید حقائق اور اعداد وشمار پیش کرتے ہوئے اپوزیشن کے جھوٹے الزامات کو بے نقاب کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ نرملا سیتا رامن نے این ڈی اے حکومت کی جانب سے تلنگانہ کے لئے مختص کئے گئے فنڈس اور پراجکٹس کی تفصیل پیش کی۔ کشن ریڈی نے ایک سوشیل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ مرکزی حکومت نے ورنگل میں کاکتیا میگا ٹکسٹائل پارک کے قیام کو منظوری دی۔اس کے علاوہ اس نے 2361 کروڑ روپے کی لاگت سے این آئی سی ڈی پروگرام کے تحت ظہیر آباد انڈسٹریل نوڈ کے قیام کو بھی منظوری دی۔

SAND:

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ریت کی غیر قانونی منتقلی کے خلاف سخت کارروائی کریں۔ انہوں نے ضلع کلکٹروں اور ایس پیز کو ہدایت دی کہ وہ غیر قانونی سرگرمیوں کی روکتھام کے لئے ان مقامات کا باقاعدگی سے معائنہ کریں جہاں سے ریت حاصل کی جاتی ہے۔انہوں نے ویجلنس ٹیموں سے کہا کہ وہ ریت کی غیر قانونی منتقلی کے خلاف چھاپے ماریں۔انہوں نے سرکاری آمدنی کے تحفظ کی اہمیت پر زور دیا۔ ریونت ریڈی نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ نظام کا استحصال کرنے کی کوشش کرنے والوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کریں۔

RAMZAN:

ریاستی حکومت نے رمضان المبارک کے دوران مسلمان ملازمین کو شام 4 بجے دفاتر سے گھر جانے کی اجازت دے دی ہے۔ چیف سکریٹری شانتی کماری نے احکام جاری کئے۔2 مارچ سے 31 مارچ تک تمام مسلم سرکاری ملازمین اساتذہ، کنٹراکٹ اور

آؤٹ سورسنگ کی بنیاد پر خدمات انجام دینے والے ملازمین، کارپوریشنس اور سرکاری شعبہ کے مسلم ملازمین کو ایک گھنٹہ پہلے گھر جانے کی اجازت ہوگی۔ تاہم اگر کوئی ہنگامی صورتحال ہو اور ملازمین کی موجودگی ضروری ہو تو انہیں ڈیوٹی پر حاضر رہنا ہوگا۔

KAVITHA:

بی آر ایس کی ایم ایل سی کے کویتا نے کانگریس اور بی جے پی شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ پسماندہ طبقات کے تحفظات کے مسئلہ سے عوامی توجہ ہٹانے کے لئے ڈرامہ کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی اور مرکزی وزیر بنڈی سنجے جان بوجھ کر ذات پات کے حالیہ سروے میں خامیوں سے عوام کی توجہ ہٹانے کی کوشش کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پسماندہ طبقات کی غلط مردم شماری کے مسئلہ سے نمٹنے کے بجائے چیف منسٹر ریونت ریڈی نے یہ بحث چھیڑ دی ہے کہ وزیراعظم مودی بی سی ہیں یا نہیں، جبکہ مرکزی وزیر بنڈی سنجے، راہول گاندھی کے مذہب بارے میں سوال اٹھارہے ہیں۔ انہوں نے پوچھا کہ نریندر مودی کی ذات یا راہول گاندھی کے مذہب سے عوام کو کیا لینا ہے۔ حیدرآباد کے مضافات میں ایراولی کے مقام پر میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کویتا نے کانگریس حکومت کو چیالنج کیا کہ وہ پسماندہ طبقات کے حقوق کو یقینی بنانے کے لئے اسمبلی میں بل پیش کریں۔ انہوں نے کانگریس سے کہا کہ وہ مرکز کی جانب سے اس بل کو منظوری دلائے۔

ACB:

تلنگانہ اینٹی کرپشن بیورو نے آج فارمولہ ای۔ آپریشن کے عہدیداروں سے پوچھ تاچھ کی۔ ان عہدیداروں سے 54.88 کروڑ روپے کے مبینہ فارمولہ ای ریس اسکام کے بارے میں پوچھ تاچھ کی گئی۔ اس سے قبل اے سی بی نے ایف ای او کے سی ای او کو پوچھ تاچھ کے لئے ایجنسی کے روبرو حاضر ہونے کی ہدایت دی تھی۔ تاہم انہوں نے آن لائن حاضر ہونے کی اجازت طلب کی۔

COCKFIGHT:

بی آر ایس کے ایم ایل سی پی سرینواس ریڈی نے سائبر آباد پولیس کی جانب سے جاری نوٹس کا جواب دیا ہے۔ رنگاریڈی ضلع کے معین آباد منڈل کے ٹول کٹہ گاؤں میں سرینواس ریڈی کے فارم ہاؤس پر جو انہوں نے رمیش نامی شخص کو لیز پر دیا ہے چند دن قبل مرغوں کی لڑائی کا اہتمام کیا گیا۔ ایم ایل سی نے وضاحت کی کہ ان کا اس معاملہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ انہوں نے اپنے وکیل کے ذریعہ معین آباد پولیس کی نوٹس کا جواب دیا۔ معین آباد پولیس نے جمعرات کو ایک نوٹس جاری کرتے ہوئے سرینواس ریڈی نے وضاحت طلب کی تھی۔

KCR:

بی آر ایس کے صدر اور سابق چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ کی سالگرہ آج ریاست بھر میں جوش و خروش کے ساتھ منائی گئی۔ پارٹی کے قائدین نے کے سی آر کو مبارکباد دیتے ہوئے آتش بازی کی اور میٹھائیاں تقسیم کیں۔ بی آر ایس کے ممتاز لیڈروں نے مقدس مقامات کا دورہ کرتے ہوئے کے سی آر کی لمبی عمر اور صحت کے لئے دعائیں کی۔ بی آر ایس کے دفتر تلنگانہ بھون میں اہم تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں پارٹی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ اور دیگر لیڈروں نے ایک کیک کاٹا۔ کے سی آر کی زندگی اور ان کے کارناموں پر ایک ڈاکیومنٹری کی نمائش کی گئی۔

CM:

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ریاست کے مختلف آبپاشی پراجکٹس کے لئے مقررہ شیڈول کے مطابق پانی جاری کریں۔ انہوں نے بڑھتے ہوئے درجہ حرارت سے نمٹنے کے لئے احتیاطی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے محکمہ آبپاشی کے عہدیداروں سے کہا کہ وہ آئندہ تین ماہ تک چوکس رہیں۔ انہوں نے عہدیداروں کو حکم دیا کہ وہ باقاعدگی کے ساتھ پراجکٹس کا معائنہ کریں۔ صورتحال کا جائزہ لیں اور اس کے مطابق فیصلے کریں۔ چیف منسٹر نے اس بات پر زور دیا کہ کسانوں کو مشکلات سے بچانے اور فصلوں کو کافی پانی سربراہ کرنے کے لئے تمام ضروری اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے آج وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی کے ساتھ مل کر بنجارہ ہلز کے کمانڈ کنٹرول سنٹر میں ذخائر آب میں پانی کی قلت اور فصلوں کے لئے پانی جاری کرنے سے متعلق ایک اجلاس منعقد کیا۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ درکار پانی کا موثر استعمال کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ پینے کے لئے اور آبپاشی کے لئے پانی کی سربراہی میں خلل نہ پڑے۔ انہوں نے عہدیداروں سے یہ بھی کہا کہ وہ مرکزی حکومت سے آندھرا پردیش کے خلاف شکایت کریں تاکہ اسے یکطرفہ طور پر فاضل پانی کا رخ موڑنے سے روکا جاسکے۔

UTTAM

آبپاشی اور سیول سپلائز کے وزیر اتم کمار ریڈی نے آج سوریہ پیٹ ضلع میں دوراج پلی کے مقام پر پداگٹو جاترا میں شرکت کی۔ انہوں لنگا منتولو سوامی مندر میں پوجا کی اور جاترا کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ سوریہ پیٹ سے ہمارے نمائندہ نے بتایا کہ اتم کمار ریڈی نے عقیدتمندوں کو تیقن دیا کہ جاترا کے پرامن انعقاد کے لئے تمام انتظامات کئے جائیں گے۔ پداگٹو جاترا تلنگانہ کا دوسرا سب سے بڑا مذہبی اجتماع ہے۔ پانچ روزہ جاترا کل شروع ہوئی اور اس مہینہ کی 20 تاریخ تک جاری رہے گی۔

OO